ٹیلی نار پاکستان نے اپنی نئی برانڈ Identity متعارف کرا دی

اسلام آباد 19 جون 2006: سوموار 19 جون کو ٹیلی نار پاکستان نے باقاعدہ طور سے اپنی نئی Brand Identity پاکستان میں متعارف کرا دی ہے۔ یہ نئی Brand Identity ٹیلی نار کی جانب سے کاروبار میں مزید مثبت پیشرفت کی عکاس ہے۔ نئی Brand Identity ٹیلی نار پاکستان کے اس عزم کی نشاندہی کرتی ہے کہ ادارہ اپنے صارفین کو اولین ترجیح دیتے ہوئے ملک میں بین الاقوامی معیار کی جدید ٹیلی کمیونیکیشن سروسز فراہم کرنے میں سنجیدگی سے کوشاں ہے۔ اس نئی پیش رفت کی بدولت ادارے نے اپنے لیے ایسے نئے رہنما اصول و ضوابط ترتیب دیئے ہیں جن کا محور مکمل طور پر صارفین ہیں اور جو ان کی خواہشات اور ضروریات کو پورا کرتے ہوئے ٹیلی نار پاکستان کو ٹیلی کام سیکٹر میں ایک منفرد مقام دلوائیں گے۔ اپنی نئی شناخت کے ساتھ ٹیلی نار نے نیا نعرہ "Telenor---The Smart Call" بھی متعارف کرایا ہے جو Value For Money کے تصور کی ترجمانی کرتا ہے۔ ٹیلی نار پاکستان نے یہ اعلان بھی کیا ہے کہ جون کے آخر تک ادارے کی نیٹ ورک کوریج 500 مقامات کی حد عبور کر لے گی۔

اس نئی پیش رفت پر تبصرہ کرتے ہوئے ٹیلی نار پاکستان کے CEO تورے جانسن نے کہا: "یہ تبدیلی محض سطحی تبدیلی نہیں ہے بلکہ اس کا اصل مقصد اپنے صارفین کو مکمل طور پر سمجھنا اور ان کی ضروریات کو اس طرح ترجیح دینا ہے جس طرح انڈسٹری میں کوئی اور نہیں کر رہا۔ انہوں نے کہا کہ نئی شناخت سے جو سب سے نمایاں تبدیلی رونما ہوگی جب تک کہ ٹیلی نار پاکستان مکمل طور پر ایسے اقدامات نہ اٹھائے جو صارفین کی اصل ضروریات کا تعین کرتے ہوں۔ حالیہ ماضی قریب میں ٹیلی نار پاکستان ایسے اقدامات اٹھا رہا ہے جو کہ اس کی نئی شناخت کی تصدیق کرتے ہیں۔ ہمیں کاوشوں کی ضرورت ہے کہ ہماری موجودہ شناخت، حکمت عملی اور اقدامات میں صارفین کو مکمل طور پر اولین ترجیح دی جائے گی تاکہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ بہترین انداز میں رابطہ کر سکیں۔"

نئی Brand Identity کے حوالے سے ٹیلی نار پاکستان کے مستقبل کے لائحہ عمل پر تبصرہ کرتے ہوئے تورے جانسن نے مزید کہا: "ٹیلی نار پاکستان کا روایتی حلقوں اور مقامی مارکیٹ میں پہلے سے ہی تبدیلی اور جدت پسندی کے حوالے سے جانا جاتا ہے جس کا فائدہ براہ راست صارفین کو پہنچا ہے۔ مقامی مارکیٹ میں ایک مثبت تبدیلی رونما ہوئی ہے اور مقابلہ بازی کا رجحان بڑھا ہے۔ ہم نے ملک میں اپنی نوعیت کی متعدد منفرد سروسز متعارف کرائی ہیں جن میں خصوصی کالز، Unlimited Validity، سستی اور شفاف Pricing، تمام علاقوں پر GPRS اور MMS کی سہولیات، بین الاقوامی معیار کے جدید ٹیکنالوجی اور سروس پیکیجز، نوجوانوں میں مقبول "Djuice"، پاکستان کا سب سے زیادہ تیزی سے پھیلتا ہوا نیٹ ورک۔ ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جدت پسندی کے عمل میں اپنے صارفین کو ہر لحاظ سے فوقیت دیں گے اور آپ دیکھیں گے کہ جلد ہی ٹیلی نار پاکستان اپنی منفرد اور نئی سروسز کے ذریعے ہر طرح کے صارف کی ضروریات کو پورا کرتے ہوئے ان کی خرچ کی ہوئی رقم کا بہترین نعم البدل فراہم کرے گا۔"

تورے جانسن نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے مزید کہا: "نئی Brand Identity اور ہمارا کاروباری ضابطہ اخلاق، ٹیلی نار میں اعلیٰ معاشرتی اور اخلاقی اقدار کا احترام، Good Corporate Governance اور تمام خصوصیات ہیں جو ٹیلی نار پاکستان کو مقامی مارکیٹ میں ممتاز کرتی ہیں۔ ہم چاہیں گے کہ ان ہی خصوصیات کی بدولت ٹیلی نار پاکستان نہ صرف اپنے بلکہ ملک کے ٹیلی کام سیکٹر میں ایک مثبت اور قابل ذکر تبدیلی کی بنیاد رکھے۔"

ٹیلی نار پاکستان کی نئی شناخت ٹیلی نار کے دفاتر، سیلز اینڈ سروس سینٹرز، فرنچائزز، ریٹیل آؤٹ لیٹس اور کمپنی کی ویب سائٹ پر لگی ہے جبکہ دیگر مواد مستقبل قریب میں مشتہر کی جائے گی۔ یاد رہے کہ اسی نئی Brand Identity کو ٹیلی نار گروپ میں شامل دیگر کمپنیوں نے بھی اپنایا ہے۔

ٹیلی نار گروپ دنیا بھر میں بین الاقوامی معیار کی جدید ٹیلی کمیونیکیشن، ڈیٹا اور میڈیا کمیونیکیشن سروسز فراہم کر رہا ہے۔ ٹیلی نار گروپ کا شمار بین الاقوامی سطح کے چند بڑے جی ایس ایم سروسز فراہم کرنے والے اداروں میں ہوتا ہے جس کے 90 ملین سے زائد صارفین ہیں۔ ٹیلی نار پاکستان 100% ٹیلی نار ASA کی ملکیت ہے جو یوریشیا میں پاکستان کے علاوہ بنگلہ دیش، تھائی لینڈ اور ملائشیا میں بھی اپنی موبائل سروسز فراہم کر رہا ہے۔